



# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں

پیشکش : احمد طلحہ






+923133904447
+917330359477
مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں




# السلام علیکم ورحمة الله وبركاته

معزز ساتھو!! کرونا وائرس عذاب و آزمائش الٰہی کی شکل میں امت محمدیہ ﷺ پر مسلط ہو گیا ایسے پُر آشوب حالات میں بحیثیت مسلمان ہم پر واجب ہے کہ ہم اللہ عزوجل کی طرف رجوع کریں۔ اسی مقصد کے پیشِ نظر ہم نے مہلک وبائی امراض سے بچاو کے لئے مسنون دعاؤں پر مشتمل سلسلہ تیار کیا۔ ماثور دعاؤں کا یہ سلسلہ کُل 20 پوسٹ پر مشتمل ہوگا ان شاء اللہ۔ احباب سے مخلصانہ گزارش کی جاتی ہے احادیثِ صحیحہ پر مشتمل ان مسنون دعاؤں کو خود بھی کثرت سے پڑھیں اہل خانہ کو پڑھائیں اور دیگر احباب و گروپس میں ضرور شیئر کریں، حیاکم اللہ

اس عظیم کاوش میں جو بھائی بہن بھی جس انداز میں بھی شامل رہے ہے، اللہ تعالیٰ سب کے لیے صدقہ جاریہ بنائے اور اپنی بارگاہ میں قبول فرما کر ذریعہ نجات بنائے، آمین یا رب العالمین

**"اللهم ارفع عنّا البلاء وأدفع الوباء وأنزل رحمتك ولطفك على العباد ياربّ العالمين، اللهم احفظ بلادنا وجميع بلاد المسلمين من هذا، اللهم نسألك اللّٰه العفو والعافيه فى الدنيا والاخرة." آمين**

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477



# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (01)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : جو کوئی بندہ ہر دن صبح اور شام تین بار یہ کہے :

"بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ"

"میں اس اللہ کے نام کے ذریعہ سے پناہ مانگتا ہوں جس کے نام کی برکت سے زمین و آسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی، اور وہ سننے والا جاننے والا ہے."

تو اسے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ (صحیح ابن ماجہ : ٣١٣٤)

ابو داؤد کی روایت کے مطابق اگر کوئی بندہ مذکورہ بالا دعا پڑھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : اسے صبح تک اچانک کوئی مصیبت نہ پہنچے گی، اور جو شخص تین مرتبہ صبح کے وقت اسے کہے تو اسے شام تک اچانک کوئی مصیبت نہ پہنچے گی۔ (صحیح ابو داؤد : ٥٠٨٨)

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477


# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (02)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

قل ہو اللہ أحد (سورۃ الاخلاص) اور معوذتین (سورۃ الفلق اور سورۃ الناس) تین مرتبہ صبح کے وقت، اور تین مرتبہ شام کے وقت کہہ لیا کرو تو یہ تمہیں (ہر طرح کی پریشانیوں سے بچاؤ کے لیے) کافی ہوں گی.

(صحیح الجامع: ٤٤٠٦)

+923133904447
+917330359477
مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں



# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (03)


رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں : جب آدمی گھر سے نکلتے وقت یہ دعا پڑھے :

**"بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ"**

**"میں نے اللہ کے نام سے شروع کیا، میں نے اللہ پر بھروسہ کیا اور گناہوں سے بچنے اور کسی نیکی کے بجالانے کی قدرت و قوت نہیں ہے سوائے سہارے اللہ کے"۔**

تو تب اسے کہا جاتا ہے (یعنی فرشتے کہتے ہیں) : تیری راہنمائی کر دی گئی، تجھے کفایت کر دی گئی اور تو بچا لیا گیا۔ (یہ سن کر) شیطان اس سے جدا ہو جاتا ہے۔

(صحیح الجامع : ٦٤١٩)



# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (04)

سیدة خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : جو شخص کسی (بھی) منزل (جگہ) پر اترا اور اس نے یہ کلمات کہے :


**"أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ"**

**"میں اللہ (سے اس) کے مکمل ترین کلمات کی پناہ طلب کرتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی".**

تو اس شخص کو اس منزل (جگہ) سے چلے جانے تک کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائے گی۔

(صحیح مسلم : ۲۷۰۸)

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477



# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (05)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : جو شخص مصیبت میں گرفتار کسی شخص کو دیکھے اور کہے :


"الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي عَافَانِي مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهِ، وَفَضَّلَنِي عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلًا"

"سب تعریف اللہ کے لیے ہے کہ جس نے مجھے اس بلا و مصیبت سے بچایا جس سے تجھے دوچار کیا، اور مجھے فضیلت دی، اپنی بہت سی مخلوقات پر"

تو وہ اس بلا اور مصیبت سے محفوظ رہے گا

(صحیح الجامع : ٦٢٤٨)

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477



# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (06)


سیدنا أنس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہتے تھے :

"اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ، وَالْجُنُونِ، وَالْجُذَامِ، وَمِنْ سَيِّئِ الْأَسْقَامِ"

”اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں برص (پھلبہری) سے، جنون (پاگل پن) سے، کوڑھ اور تمام موذی بیماریوں سے“.

(صحیح الجامع: ۱۲۸۱)

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477



# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (07)


سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعاؤں میں سے ایک یہ تھی:

"اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيعِ سَخَطِكَ"

"اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں تیری نعمت کے زوال سے، تیری عافیت کے ہٹ جانے سے، تیری ناگہانی سزا سے اور تیری ہر طرح کی ناراضی سے".

(صحیح مسلم: ۲۷۳۹)

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477



# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (08)


سیدنا ابوہریرۃ رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : بندہ جو بھی دعا مانگتا ہے وہ اس دعا سے زیادہ بہتر نہیں ہو سکتی :

**"اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ"**

"اے اللہ میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عافیت چاہتا ہوں" .

(صحیح الجامع : ۵۷۰۳)

+923133904447
+917330359477
مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں



# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (09)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : ذوالنون (سیدنا یونس علیہ السلام) کی دعا جو انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں رہنے کے دوران کی تھی وہ یہ تھی :

"لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ"

"(اے اللہ!) تیرے سوا کوئی معبود نہیں تیری ذات پاک ہے، بیشک میں ہی (اپنی جان پر) زیادتی کرنے والوں میں سے تھا".

کیونکہ یہ ایسی دعا ہے کہ جب بھی کوئی مسلمان شخص اسے پڑھ کر دعا کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا ضرور قبول فرمائے گا- (صحیح الترغیب : ١٦٤٤)

شیخ الإسلام ابن القیم رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں : دنیا کی سختیاں توحید کے ساتھ ہی ختم ہوتی ہیں، اسی لیے تو دعا الکرب یعنی (مجبور و پریشان کی دعا) توحید کے ساتھ ہے، اور مچھلی والے (سیدنا یونس علیہ السلام) کی جو دعا ہے، اگر کوئی بھی مصیبت زدہ شخص اس دعا کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ توحید کی بدولت اس کی پریشانی کو ضرور دور فرما دیتے ہیں- (الفوائد : ٦٦)

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477


# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (10)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں : اللہ سے پناہ مانگا کرو آزمائش کی مشقت سے، بدبختی کی پستی سے، برے خاتمے اور دشمن کے ہنسنے سے -

(صحیح البخاري : ٦٦١٦)

یعنی دعا اس طرح سے کی جائے :

"اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ، وَدَرَكِ الشَّقَاءِ، وَسُوءِ الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ"



# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (11)

عبدالرحمن بن أبي بكرة رحمہ اللہ نے اپنے والد سے کہا ابوجان! میں آپ کو ہر صبح یہ دعا پڑھتے ہوئے سنتا ہوں :


"اللَّهُمَّ عَافِنِي فِي بَدَنِي، اللَّهُمَّ عَافِنِي فِي سَمْعِي، اللَّهُمَّ عَافِنِي فِي بَصَرِي، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ، اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ"

”اے اللہ! تو میرے جسم کو عافیت نصیب کر، اے اللہ! تو میرے کانوں کو عافیت عطا کر، اے اللہ! تو میری آنکھوں کو عافیت سے نوازدے، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں، اے اللہ! میں کفر و محتاجی سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اے اللہ! میں عذاب قبر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، تو ہی معبود برحق ہے“ .

آپ اسے تین مرتبہ دہراتے ہیں جب صبح کرتے ہیں اور تین مرتبہ جب شام کرتے ہیں؟ تو انہوں (یعنی ان کے والد) نے کہا : میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہی دعا کرتے ہوئے سنا ہے، اور مجھے پسند ہے کہ میں آپ کا مسنون طریقہ اپناؤں -

(صحیح أبي داود : ٥٠٩٠)

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477



# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (12)


سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح اور شام کرتے تو ان دعاؤں کا پڑھنا نہیں چھوڑتے تھے :

"اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي دِينِي وَدُنْيَايَ وَأَهْلِي وَمَالِي، اللَّهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِي وَآمِنْ رَوْعَاتِي، اللَّهُمَّ احْفَظْنِي مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ، وَمِنْ خَلْفِي، وَعَنْ يَمِينِي، وَعَنْ شِمَالِي، وَمِنْ فَوْقِي، وَأَعُوذُ بِعَظَمَتِكَ أَنْ أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِي"

”اے اللہ! میں تجھ سے دنیا و آخرت میں عافیت کا طالب ہوں، اے اللہ! میں تجھ سے عفو و درگزر کی، اپنے دین و دنیا، اہل و عیال، مال میں بہتری و درستگی کی درخواست کرتا ہوں، اے اللہ! میرے پوشیدہ امور پر پردہ ڈال اور میری گھبراہٹوں میں مجھے امن دے، اے اللہ! تو ہماری حفاظت فرما آگے سے، اور پیچھے سے، دائیں اور بائیں سے، اوپر سے، اور میں تیری عظمت کی پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ میں اچانک اپنے نیچے سے ہلاک کیا جاؤں“ .

(صحیح الکلم الطیب : ۲۷)

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477




# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (13)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: جس نے صبح (فجر) کی نماز پڑھ لی تو وہ اللہ تعالیٰ کے ذمہ میں ہے۔ (صحیح مسلم: ٦٥٧)

امام نووي رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ایک قول ہے کہ یہاں ذمہ سے مراد ضمانت ہے اور ایک قول ہے اس سے مراد امان ہے.
(یعنی فجر کی نماز پڑھنے والا خوش نصیب اللہ تعالیٰ کی ضمانت اور امان میں آجاتا ہے)۔ (شرح صحیح مسلم: ١٥٨/٥)

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477



# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (14)

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں : جس نے سورۃ بقرہ کی آخری دو آیتیں رات میں پڑھ لیں تو وہ اسے ہر آفت سے بچانے کے لیے کافی ہوجائیں گی- (متفق علیہ : ۵۰۰۹-۸۰۸)

امام النووي رحمہ اللہ فرماتے ہیں : ایک قول یہ ہے کہ اس کے معنی ہیں کہ یہ "آیات اسے پڑھنے والے کو" قیام اللیل سے کفایت کرجاتی ہیں ، اور ایک قول ہے کہ یہ "آیات اسے پڑھنے والے کو" شیطان سے محفوظ رکھتی ہیں ، اورایک قول ہے کہ یہ "آیات اسے پڑھنے والے کو" آفات سے محفوظ رکھتی ہیں۔ اوراس سے یہ تمام اقوال بھی مراد ہوسکتے ہیں- (شرح النووي علی مسلم : ٦/٩١)

+923133904447
+917330359477
مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں

# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (15)

سیدنا ابوہریرۃ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ، شیطان نے ان سے (انسانی شکل میں آکر) کہا: جب تم بستر پر سونے کے لیے آؤ تو آیۃ الکرسی مکمل آیت پڑھا کرو:


"اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ...(مکمل آیت)"

اس طرح اللہ کی طرف سے تم پر ایک محافظ مقرر ہو جائے گا اور شیطان تمہارے قریب نہیں آئے گا حتیٰ کہ صبح ہو جائے گی۔ اور صحابہؓ خیر کے کاموں میں بہت زیادہ حریص تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات (جو شیطان نے ابوہریرۃؓ سے کہی) کے متعلق فرمایا کہ: «وہ (شیطان) ہے تو جھوٹا، لیکن سچ کہہ کر گیا ہے».

(صحیح الترغیب: ٦١٠)

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477




# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (16)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں : دعا فائدہ دیتی ہے ہر اس چیز سے جو نازل ہو چکی ہے اور اس سے بھی جو ابھی نازل نہیں ہوئی ، اور بے شک آزمائش نازل ہوتی ہے پھر دعا اس سے ملتی ہے تو وہ دونوں **(دعا اور آزمائش)** آپس میں قیامت تک مقابلہ کرتی رہتی ہیں.

(صحیح الجامع : ۷۷۳۹)

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477




# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (17)

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: قیام اللیل "تہجد"، کا اہتمام کیا کرو، کیوں کہ تم سے پہلے کے صالحین کا یہی طریقہ رہا ہے اور رات کا قیام "تہجد"، اللہ تعالی سے قریب و نزدیک ہونے کا، گناہوں سے دور ہونے کا، اور برائیوں کے مٹنے اور **بیماریوں کے جسم سے دور بھاگنے** کا ایک ذریعہ ہے۔

(صحیح الجامع: ٤٠٧٩)

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477




# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (18)

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں : اچھے کام کرنا **برائیوں، مصیبتوں اور ہلاکتوں** سے بچاتا ہے، اور جو لوگ دنیا میں اہل المعروف (نیکوکار) ہیں وہ آخرت میں بھی اہل المعروف (نیکوکار) ہوں گے.

(صحیح الجامع : ۳۷۹۵)

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477




# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (19)

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں : برتن ڈھانپ دو، مشکیزوں کے منہ باندھ لیا کرو، **کیونکہ سال میں ایک رات ایسی ہوتی ہے جس میں وبا نازل ہوتی ہے۔** پھر جس بھی ان ڈھکے برتن اور منہ کھلے مشکیزے کے پاس سے گزرتی ہے۔ تو اس وبا میں سے (کچھ حصہ) اس میں اُتر جاتا ہے. **(صحیح مسلم : ۲۰۱٤)**

فائدہ : اور جو کوئی اس برتن جس میں وبا نازل ہو چکی ہے، کے کھانے میں سے کھاتا ہے یا اس پانی میں سے پیتا ہے تو اس کو بیماری ہو جاتی ہے اسی طرح لوگوں میں وبا پھیل جاتی ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وبا کے اثرات حکم الٰہی سے ہیں، پانی یا ہوا کے فساد سے وبا نہیں ہوتی اور اس کی دلیل یہ ہے کہ ایک ہی پانی کو بہت سے آدمی استعمال کرتے ہیں اور پھر بعض کو بیماری ہوتی ہے بعض کو نہیں ہوتی۔

+923133904447
+917330359477
مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں



# وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں (20)


عبداللہ بن عامر بن ربیعہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ : سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ شام تشریف لے گئے۔ جب مقام سرغ پر پہنچے تو ان کو یہ خبر ملی کہ شام وبائی بیماری کی لپیٹ میں ہے۔ پھر سیدنا عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے انہیں خبر دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا :

"جب تمہیں معلوم ہو جائے کہ کسی سرزمین میں وبا پھیلی ہوئی ہے تو اس میں داخل مت ہو، لیکن اگر کسی جگہ وبا پھوٹ پڑے اور تم وہیں موجود ہو تو وبا سے بھاگنے کے لیے تم وہاں سے نکلو بھی مت"

چنانچہ امیر المؤمنین سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ مقام سرغ سے واپس آ گئے۔

( صحيح البخاري : ٦٩٧٣ )

مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں
+923133904447
+917330359477



## الحمد لله الذي بنعمته تتم الصالحات

## تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس کی مہربانی سے تمام نیک کام پایہ تکمیل کو پہنچتے ہیں.

سلسلہ "وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں" مکمل ہوا. آپ سب کے تعاون کا شکریہ، اللہ تعالی ہم سے قبول فرمائے۔ ان حفاظتی دعاؤں کو روزانہ پڑھیں اور یاد کریں اور رسول اللہ ﷺ کی وبا کے متعلق کی ہوئی نصیحتوں پر عمل کریں اور اللہ تعالی کے حضور صدق دل سے اس آزمائش کے ٹل جانے کی خوب دعائیں کریں!

**اللهم ارفع عنا البلاء والوباء**

+923133904447
+917330359477
مستند صحیح احادیث اور اقوال سلف بآسانی حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں

شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز رحمہ اللہ فرماتے ہیں : رسول اللہ ﷺ کا بیماری کو متعدی "Contagious" قرار دینا دورِ جاہلیت کے اس باطل اعتقاد کو ختم کرنا ہے کہ وہ اشیاء طبعاً متعدی ہوتی ہیں، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ کوئی بھی چیز طبعاً متعدی نہیں ہوتی بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہی تصرف ہوتا ہے اور جہاں تک ان روایات کا تعلق ہے جن میں بیماری کے منتقل ہونے کا ذکر ہے تو اس میں بھی صحیح بات یہی ہے کہ اللہ کے حکم اور اجازت کے ساتھ ہی ایک بیماری دوسرے کو منتقل ہوتی ہے، ورنہ بذاتِ خود کسی بیماری میں یہ تاثیر نہیں کہ وہ خود بہ خود کسی کو لگ جائے -(مجموع فتاوی ابن باز : ۲۸/۳۵۲)

## "وبائی امراض سے حفاظت کی دعائیں اور نصیحتیں"

"اگر اس سلسلے کے متعلق کسی کا کوئی سوال ہو یا کسی ساتھی کو ہمارے دیگر سلسلے چاہیے ہوں تو وہ ان دو نمبرز پر واٹس ایپ کے ذریعے ضرور رابطہ کرے۔ بارک اللہ فیکم"

+917330359477 | +923133904447

